Darul ifta Darul uloom

## سالگرہ منانا

1.کیا جنم دن سالگرہ Birthday
منانا جائز ھے یا نہیں ؟
اور مباح ہے یا مکروہ تنزیہی یا تحریمی ؟
2. صرف کیک کاٹ کر اور Happy Birthday
کہہ کر بھی سالگرہ منانا بھی ناجائز ہے ؟
اور مباح ہے یا مکروہ تنزیہی یا تحریمی ؟

(جواب منسلک ہے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**الجواب حامداً ومصلیاً**

پہلے زمانہ میں سادگی تھی، اولاد کی عمر یادرکھنے کے وسیع ذرائع موجود نہ تھے، گھر کی بڑی بوڑھیاں ایک دھاگہ رکھ لیتی تھیں، جب بچہ یا بچی کی عمر کا ایک سال مکمل ہوتا تو اس دھاگہ میں ایک گرہ لگا لیتی تھیں، اس کو سالگرہ کہا جاتا ہے، اس طرح اولاد کی عمر یادرکھنا آسان ہوجاتا تھا اور اس حد تک شرعاً اس میں کوئی قباحت بھی نہیں تھی، پھر رفتہ رفتہ اس طریقہ نے ایک رسم کی صورت اختیار کرلی ہے اور طرح طرح کی خرافات اس میں شامل ہوگئی ہیں، لہٰذا مروّجہ طریقے سے سالگرہ (Birthdqy) منانا شرعاً جائز نہیں، اور جہاں تک عمر یادرکھنے کی بات ہے تو اس کو یادرکھنے کے اور بھی طریقے موجود ہیں انہیں اختیار کیا جاسکتا ہے۔ (ماخذہٗ التبویب ۷۴/۱۲۷۱) ............................. واللہ سبحانہٗ اعلم

الجواب صحیح

عبدالرؤف سکھروی

مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی

۲۴/محرم الحرام/۱۴۳۷ھ

محمد عبداللہ اسحٰق

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۲۲/محرم الحرام/۱۴۳۷ھ

۵/نومبر/۲۰۱۵ء

الجواب صحیح

عصمت اللہ

معین مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی

۲۵/محرم الحرام/۱۴۳۷ھ